ادبیات

نعت سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام

ازجناب الم صاحب مظفرنگری

بجی ہے جلوۂ عرفانِ حق سے جن کی پیشانی
جچے کیا ان کی نظروں میں شکوہ تاجِ سلطانی

گدا کو بخشتے ہیں دم میں اورنگِ جہانبانی
اڑاتے ہیں ہوا میں پرچم تختِ سلیمانی

وہ لذت گیر جب ہوتے ہیں خوانِ من وسلویٰ سے
کیا کرتے ہیں پتے شاخِ طوبیٰ کے مگس رانی

وہ جس دم عالمِ تنزیہہ میں پرواز کرتے ہیں
دباتی ہے پرِ جبریل کو اُن کی پَرافشانی

ہے ان کی ذات خود اک کعبۂ مقصودِ اہلِ دل
طواف آکی گلی کا افتخارِ باغِ رضوانی

کبھی روتے بھی ہیں گر شدتِ دردِ محبت سے
تو آنسو بن کے گرتا ہے دُرِ دریائے عمانی

ٹپکتی ہیں لبوں سے ان کے بوندیں آبِ حیواں کی
ہے پیدا ان کے ہر اک لفظ سے تفسیرِ قرآنی

نہ آنے دے تصور میں خیالِ جذبۂ باطل
ارے غافل نہ دب جائیں کہیں جذباتِ روحانی

نہیں ہیں فخر کے قابل قیاساتِ اہلِ یوناں کے
کہاں نکلی ہے آئینے سے اسکندر کے حیرانی

تو حاصل کر وہ دل جو مرکزِ اسرارِ وحدت ہے
وفورِ غم سے جس میں رات دن آتی ہے طغیانی

وہ دل جو برزخِ کبریٰ ہے دنیائے محبت میں
جو ہر عالم میں رہتا ہے ہلاکِ ذوقِ وجدانی

کبھی ہے سجدہ آرائے ستم شمشیرِ قاتل پر
کبھی حلقومِ بسمل پر نشانِ تشنہ سامانی

یہی شانہ کش و مستی طرازِ زلفِ لیلیٰ ہے
عطا کی ہے اسی نے قیس کو بھی خانہ ویرانی

ہے نے بست زلیخا میں کبھی اندوہ جاں فرسا
کبھی کارخِ مصور میں جمالِ ماہِ کنعانی

کبھی الہام تسکیں ہے خلیل اللہ کے دل پر — کبھی دشتِ بلا میں سرخیِ رومانِ قربانی
جہانِ قدس اس کی عظمتوں پر رشک کرتا ہے — بنا ہے جب سے تفسیر کلامِ حسنِ یزدانی
وہی حسنِ خفی پھیلا تو اک بحرِ حقیقت تھا — جو سمٹا بن گیا مہرِ نبوت کی درخشانی
وہی جس نے فروغ و زینتِ بزمِ ازل ہوکر — پئے تخلیق گرمایا مزاجِ شوقِ یزدانی
جھکے تھے جس کے سجدے کو ملایک صف بصف ہوکر — شہادت دے رہی ہے حضرتِ آدمؑ کی پیشانی
میسر جس کو مازاغ البصر کی دیدہ افروزی — جسے حاصل ہوئی ہے بزمِ اَو ادنیٰ کی مہمانی
ہے تکمیلِ نبوت کے لئے خود حجتِ قاطع — رموزِ مقصدِ تورات و رمزِ نصِ قرآنی

قلم برداشتہ اک مطلعِ رنگیں الم لکھو
کرو ساقی سے باتیں گر ہے شوقِ نطقِ ریحانی

وہ مے لہرا رہی ہے جس میں برقِ طورِ عرفانی — مزاجِ دل کو گرماتی ہے جس کی شعلہ سامانی
یقیں ہو جائے دل کو اتصالِ آب و آتش کا — نظر آجائے بے پردہ شفق کی شعلہ سامانی
میں بادہ کش ہوں پیاسا آج دریا ہو تو پی لونگا — کہیں بجھتی ہے اک ساغر سے میری تشنہ سامانی
چلے دورِ ایک ایسا بزمِ رندانِ حقیقت میں — کہ مٹ جائے دلوں سے سوزشِ غم کی فراوانی

لکھو پھر مدحِ حاضر میں اک ایسا مطلعِ روشن
جسے سنکر کہیں احسنت عرفی اور خاقانی

وجودِ پاک تیرا احسنِ تقویمِ انسانی — ترا قلبِ مطہر مرکزِ اسرارِ ربانی
تجھی کو یہ شرف حاصل ہے اے محبوبِ یزدانی — فلک آٹھوں پہر کرتا ہے تیرے در کی دربانی
فروغِ باطل افگن تیرے جلووں کی درخشانی — مٹایا جس نے عالم سے خیالِ شرکِ ظلمانی
زہے شانِ طلوعِ آفتابِ برجِ عرفانی — دو عالم سر جھکا کر بول اٹھے ما اعظم شانی

عنایت کا تری پرتو بہارِ باغِ رضوانی — ترے جلوے کی ضو زینت فروزِ عرشِ رحمانی

ذنب تیری سعادت سے نہیں اب نحس و ظلمانی — قمر کو برجِ عقرب ہو گیا ہے برجِ سرطانی

اثر افگن ہے برجیسِ فلک اوجِ نبوت سے — زحل کی قوتیں مسلوب ہیں ہم شکلِ زندانی

ازل سے تا ابد ثانی نہ ہوگا آپ کا ہرگز — ہے خود صنعت پر اپنی ذہنِ فطرت وقفِ حیرانی

تحرک ہے اگر دل میں تری گرمیٔ الفت سے — لہو کی موج پر غالب ہو کیونکر روحِ شریانی

نسیمِ فیض سے تیری ہے تازہ گلشنِ ہستی — خوشی سے ہیں نجومِ آسماں محوِ گل افشانی

ہے سنبل طعنہ زن گیسوئے محبوبانِ عالم پر — نگاہِ نرگسِ شہلا ہے شمشیرِ صفاہانی

زمیں خوش آسماں خوش بحر و بر خوش آب و آتش خوش — مگر مسلم ہے وقفِ کاہشِ غمہائے پنہانی

المِ خاموش امی آید صدا از جانبِ طیبہ
رسول اللہ می گوید کہ بشنو رمزِ ایمانی

بہوش آور دلِ مدہوش را مست غزلخوانی — بدہ اندیشۂ اوراک را ذوقِ خدادانی

نمیدانی ز افعالش خجل شد نفسِ شیطانی — گرفتہ مسلمِ نادان طریقِ نامسلمانی

تشتت در گمانش مقصدِ دینی و ایمانی — تفرق در خیالش مقصدِ تعلیمِ قرآنی

یکے بیتاب و مضطر از پئے تقلیدِ افرنگی — یکے سوئے کلیسا می دود در ذوقِ رہبانی

ہمہ مثلِ سگاں در جنگ بہرِ اقتدارِ خود — شدہ نذرِ تخلف مقصدِ احکامِ قرآنی

نمی دانم کہ ایشاں در پئے دینِ کسے پویند — کہ می دارند از منشائے من بُعدِ فراوانی

مآلِ سوءِ اعمالیست ایں غوغا کہ می بینی
"چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی"